پری سیزن ریڈ بال کیمپ حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر میں کل سے شروع ہو گا

- کیمپ میں شریک 24 کھلاڑیوں میں 8 ٹیسٹ کرکٹرز بھی شامل ہیں

کراچی 24 جون 2024ء:

ریڈ بال پری سیزن فیلڈنگ اور فٹنس کیمپ منگل کے روز سے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر کراچی میں شروع ہو گا۔ کیمپ میں 24 کھلاڑی شریک ہیں جو 7 جولائی تک دو ہفتے کے کیمپ میں ٹریننگ کریں گے۔ کیمپ میں 25 ویں کھلاڑی کی شمولیت مقررہ وقت پر کی جائے گی۔

ریڈ بال کیمپ کے اختتام کے بعد، 15 کھلاڑی پاکستان شاہینز کے پری ڈیپارچر کیمپ میں حصہ لیں گے جو 8 سے 13 جولائی تک جاری رہے گا۔

پاکستان شاہینز 14 جولائی کو بنگلہ دیش اے کے خلاف دو چار روزہ میچوں کی سیریز کے لیے ڈارون آسٹریلیا روانہ ہو گی۔ اس دورے میں وہ دو ایکروزہ میچ کھیلنے کے ساتھ ساتھ نو ٹیموں کی ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی حصہ لے گی۔

کیمپ میں شامل 24 کھلاڑیوں میں سے 8 ٹیسٹ کرکٹرز بھی شامل ہیں جن میں عبداللہ شفیق (17 ٹیسٹ) امام الحق (24 ٹیسٹ) خرم شہزاد (ایک ٹیسٹ) محمد وسیم جونیئر (دو ٹیسٹ) سرفراز احمد (54 ٹیسٹ) سعود شکیل (10 ٹیسٹ) عمر امین (چار ٹیسٹ) اور زاہد محمود (دو ٹیسٹ) شامل ہیں۔

پاکستان کو 2024-25 کے سیزن میں آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپیئن شپ کے 9 ٹیسٹ میچز کھیلنے ہیں اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ کیمپ کھلاڑیوں کے لیے ریڈ بال سیزن کے لیے خود کو تیار کرنے کے لیے مددگار ثابت ہو گا۔

پاکستان بنگلہ دیش کے خلاف اگست میں دو ٹیسٹ میچز اور اکتوبر میں انگلینڈ کے خلاف تین ٹیسٹ میچز کھیلے گا۔ دونوں ہوم سیریز ہیں ۔پاکستان دسمبر جنوری میں دو ٹیسٹ میچ کھیلنے کے لیے جنوبی افریقہ جائے گا اور پھر جنوری 2025 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف ہوم گراؤنڈ پر دو ٹیسٹ کھیلے گا۔

کیمپ کے بارے میں ٹیسٹ کرکٹر امام الحق کا کہنا ہے "اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ ہم آئندہ سیزن میں نو ٹیسٹ میچز کھیلنے والے ہیں، یہ کیمپ ہم سب کے لیے ایک مصروف سیزن میں اپنی فٹنس پر کام کرنے اور تیاری کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔ ڈومیسٹک سیزن میں اچھی کارکردگی دکھا کر اس کیمپ میں منتخب کیے جانے والے نوجوان کرکٹرز کو سینئر کرکٹرز کے ساتھ مل کر کام کرنے اور ان سے سیکھنے کا موقع ملے گا۔

21 سالہ مہران ممتاز کا کہنا ہے کہ مجھے حال ہی میں این سی اے میں اسپنرز کیمپ کے لیے مدعو کیا گیا تھا اور اب کراچی میں یہ ریڈ بال کیمپ مجھے اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے میں مدد دے گا۔ میری طرح نوجوان کھلاڑیوں کے لیے سینئر کرکٹرز کے تجربے سے سیکھنے کا یہ اچھا موقع ہے جو ریڈ بال کیمپ کا حصہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ پاکستان شاہینز کے ڈارون کے دورے کا حصہ ہونے کے ناتے یہ میرے لیے اچھا موقع ہے کہ میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کروں اور ریڈ بال کے مصروف سیزن سے پہلے سلیکشن کمیٹی کو متاثر کر سکوں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial